Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 16 | بدھ، یکم ستمبر 2025ء، 7 ربیع الاول 1447ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 154

قدرتی آفات سے نمٹنے کے لیے

چینی طریقے سود مند ثابت ہونگے وزیر اعظم شہباز شریف

دونوں ممالک نے ہر مشکل میں ایک دوسرے کا ساتھ دیا، ہمیں چین کے ساتھ اپنی مضبوط دوستی پر فخر ہے، صدر شی جن پنگ کے مشترکہ خوشحالی کے وژن نے دنیا کو اپنا گرویدہ کرلیا، وزیر اعظم

کوئی بھی پاکستان اور چین کو جدا نہیں کرسکتا، غربت کا خاتمہ ہماری حکومت کی ترجیح ہے، ہماری حکومت پر کرپشن کا کوئی الزام نہیں، شہباز شریف کا تیانجن یونیورسٹی میں فیکلٹی اور طلبہ سے گلیوری خطاب

چین کے شہر تیانجن میں منعقدہ ایس سی او کونسل آف ہیڈز آف اسٹیٹ کانفرنس کے شرکا کا گروپ فوٹو

تیانجن (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاک چین دوستی ہر آزمائش پر پورا اتری ہے، دونوں ممالک مل کر ترقی کی منزل حاصل کریں گے، کوئی بھی ہمیں جدا نہیں کر سکتا، پاکستان اور چین تاریخی دوطرفہ اعتبار سے ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں، تیانجن یونیورسٹی کے دورے کے دوران فیکلٹی اور طلبہ سے گلیوری خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم شہباز شریف کا کہنا تھا کہ(بقیہ نمبر 2 9)

ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد کا تھانہ کہنہ، سہالہ وتھانہ نیلور کا دورہ

فرنٹ ڈیسک، ریکارڈ اور حوالات سمیت تھانہ جات کے ہر سیکشن کا معائنہ

محمد شعیب خان کی شہریوں سے ملاقات، تھانوں کی بہتری کے احکامات

اسلام آباد (این این آئی) ایس ایس پی آپریشنز محمد شعیب خان کا تھانہ کہنہ، سہالہ اور تھانہ نیلور کا دورہ کیا جہاں فرنٹ ڈیسک، ریکارڈ اور حوالات سمیت تھانہ جات کے ہر سیکشن کا معائنہ کیا اور شہریوں سے ملاقات کی۔ تفصیلات کے مطابق سینئر (بقیہ نمبر 3 6)

پاک چین دوستی فولاد کی طرح مضبوط اور آزمودہ ہے

صدر زرداری

شنگھائی تعاون تنظیم دنیا کی سب سے بڑی علاقائی تنظیم اور ایک تناور درخت بن چکی ہے، صدر زرداری

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ تکمیل عرصے میں ایس سی او دنیا کی شنگھائی تعاون تنظیم کو اعتماد، مساوات اور خوشحالی کا مشترکہ وژن سب سے بڑی علاقائی تنظیم اور(بقیہ نمبر 3 9)

سیلاب سے صورتحال سنگین 20 لاکھ افراد متاثر، اموات 38 ہوگئیں

مون سون کے 9 دن مکمل نہ بھی ہوئی، ساری قوم انسانی جانوں کو محفوظ بنانے پر ہے، سیلاب سے جاں بحق افراد کی تعداد 33 ہوگئی

لاہور (این این آئی) ڈائریکٹر جنرل پنجاب ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) مرغان کا لمیانے کہا ہے کہ پنجاب کے تین دریاؤں میں تاریخ کا سب سے بڑا سیلاب ہے، سیلاب سے 33 افراد جاں بحق (بقیہ نمبر 3 8)

سیلاب سے متاثر ہونیوالے متوقع اضلاع میں ہائی الرٹ

سیلابی صورت حال ختم ہونے کے بعد نقصانات کا تخمینہ لگا کر ازالہ کیا جائے گا، مریم اور نگزیب

لاہور (این این آئی) سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ سیلاب سے متاثر ہونے والے متوقع اضلاع میں ہائی الرٹ کردیا گیا ہے، اس وقت لوگوں کی جانیں بچانا سب سے بڑا کام ہے، 20 لاکھ سے زائد(بقیہ نمبر 3 7)

مریم نواز کا قصور کے اسکول میں قائم ریلیف کیمپ کا دورہ، مریضوں کی عیادت، مزاج پرسی، دلاسہ دیا، بچوں سے اظہار شفقت

قصور، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف ڈی پی ایس میں قائم فلڈ ریلیف کیمپ میں قیام پذیر متاثرہ خاندان کے بچوں سے مل رہی ہیں

بھارت کی آبی دہشت گردی کا دوسرا حملہ

پاکستان کنٹرولڈ بھارت کی آب جارحیت جاری، چناب دریا پر سرال ڈیم کے سارے گیٹ کھول دیے، 8 لاکھ کیوسک پانی کا بڑا سیلابی ریلا 2 روز بعد ہیڈ مرالہ پہنچے گا، پنجاب میں بڑے سیلاب کا خدشہ

انسداد دہشت گردی (ترمیمی) بل 2025 کی منظوری

نیا قانون سیکورٹی اداروں کی دہشت گردی روکنے کی صلاحیت مضبوط بنائے گا، اعلامیہ

اسلام آباد (این این آئی) صدر آصف علی زرداری کو گرفتار کرلیا گیا، تھانہ کوہلو پولیس نے گرفتار ملزمان کے قبضہ سے(بقیہ نمبر 4 1)

موٹر سائیکل چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث منظم گروہ کے دو ارکان گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) موٹر سائیکل چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث منظم گروہ کے دو ارکان کو گرفتار کرلیا گیا۔ تھانہ کوہلو پولیس نے گرفتار ملزمان کے قبضہ سے(بقیہ نمبر 4 1)

لاہور (این ایس ایس) بھارتی آبی جارحیت جاری ہے، بھارت نے ایک اور بڑا سیلابی ریلا چھوڑ دیا، پنجاب کے مختلف اضلاع میں ہائی الرٹ جاری کردیا گیا۔ ذرائع کے مطابق دریائے چناب سے ملحقہ علاقوں کو خبردار کیا گیا، 8 لاکھ کیوسک پانی کا(بقیہ نمبر 5 0)

آئیسکو چیف ایگزیکٹو کے کسٹمر فیسلیٹی سینٹرز کے ہنگامی دورے

صارفین کو بروقت اور معیاری سروسز اور سہولیات کی فراہمی پر سمجھوتہ ہرگز نہیں ہوگا، چیف ایگزیکٹو آئیسکو چودھری خالد محمود

جدید ٹیکنالوجی کو استعمال کرتے ہوئے کسٹمر سروسز اور آپریشنل امور میں مزید بہتری لا رہے ہیں

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) چیف ایگزیکٹو آئیسکو لمیٹیڈ چودھری خالد محمود نے منیجر افسران کے ہمراہ آئیسکو ریجن میں قائم مختلف کسٹمر فیسلیٹیشن سینٹرز اور کمپلینٹ دفاتر کے اچانک اور بغیر اطلاع دورے کیے، صارفین سے ملے اور ان کے مسائل دریافت کیے ان دوروں کا مقصد صارفین کو فراہم کی جانے والی سروسز کے معیار کی مانیٹرنگ کرنا اور افسران واہلکاران کی کارکردگی پر براہ راست نظر رکھنا(بقیہ نمبر 3 3)

چیف ایگزیکٹو آئیسکو چودھری خالد محمود کسٹمر فیسلیٹی سینٹر کا دورہ کر رہے ہیں

یہ وقت سیاست کا نہیں لوگوں کو ریلیف دینے کا ہے، عظمیٰ بخاری

پنجاب حکومت اپنے تمام وسائل بروئے کار لا کر سیلاب متاثرین کو ریلیف فراہم کر رہی ہے

سیلاب متاثرین و مویشیوں کی محفوظ منتقلی جاری، کلینک آن ویلز سے بروقت طبی امداد مہیا کی جا رہی ہے

7 لاکھ 60 ہزار سیلاب متاثرین کا بروقت ریسکیو ایک غیر معمولی کامیابی ہے، صوبائی وزیر اطلاعات پنجاب

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ پنجاب کو اس وقت تاریخ کے بڑے سیلاب کا سامنا ہے اور حکومت پنجاب وزیر اعلیٰ مریم نواز کی قیادت میں ایک بڑے ریسکیو اور ریلیف آپریشن پر دن رات کام کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ 7 لاکھ 60 ہزار سے زائد سیلاب متاثرین کو بروقت ریسکیو کرنا کوئی معمولی بات نہیں، یہ ایک مثالی اور غیر معمولی کامیابی (بقیہ نمبر 3 0)

آرے بازار پولیس کی کارروائی، چوری مقدمات میں ملوث شخص گرفتار، مسروقہ رقم برآمد

راولپنڈی (این این آئی) آرے بازار پولیس کی کارروائی، چوری کے مقدمات میں ملوث شخص گرفتار کر کے مسروقہ رقم 33 ہزار 500 روپے برآمد کرلی۔ تفصیلات کے مطابق آرے بازار پولیس نے کارروائی (بقیہ نمبر 4 2)

قصور، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف ڈی پی ایس میں قائم فلڈ ریلیف کیمپ میں قیام پذیر ایک خاندان کی بچی کو دوبارہ اظہار یکجہتی کا اظہار کر رہی ہیں

راولپنڈی پولیس کے گرجا گھروں کی سیکورٹی کیلئے موثر انتظامات

400 سے زائد افسران وجوان سیکورٹی فرائض کی انجام دہی میں مصروف

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی انتظامات کئے گئے ہیں، راولپنڈی پولیس چاپ سے گرجا گھروں کی سیکورٹی کیلئے موثر کے 400 سے زائد(بقیہ نمبر 5 1)

وزیر اعظم شہباز شریف کا چینی صدر کے ہمراہ گروپ فوٹو

عوام کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے، عاصم محمود

ستھرا پنجاب پروگرام آج پورے صوبے میں صفائی ستھرائی اور عوامی سہولیات کے حوالے سے ایک نمایاں اور کامیاب ماڈل بن چکا ہے

آج ہم سب کو یہ اعتراف کرنا چاہیے کہ مریم نواز شریف کی قیادت ہی اس مہم کو کامیابی سے ہمکنار کر رہی ہے میں اپنے تمام ضلعی ممبران اور فیلڈ ٹیموں کو زبردست خراج تحسین پیش کرتا ہوں، انچارج آپریشن و مانیٹرنگ یونٹ پنجاب

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) آپریشن و مانیٹرنگ یونٹ پنجاب کے انچارج عاصم محمود نے کہا ہے کہ ستھرا پنجاب پروگرام آج پورے صوبے میں صفائی ستھرائی اور عوامی سہولیات کے حوالے سے ایک نمایاں اور کامیاب ماڈل بن چکا ہے۔ اس پروگرام کی کامیابی وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی توجہ، رہنمائی اور وژن کا نتیجہ ہے۔ گزشتہ روز آپریشن و مانیٹرنگ یونٹ پنجاب کے (بقیہ نمبر 3 4)

آپریشن و مانیٹرنگ یونٹ پنجاب کے انچارج عاصم محمود اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وارث خان پولیس نے چوری واقعہ ذنی مقدمہ میں ملوث شخص گرفتار کرلیا

راولپنڈی (این این آئی) وارث خان پولیس کی کارروائی، چوری وقتب ذنی کے مقدمہ میں ملوث شخص گرفتار کرلیا، زیر حراست شخص سے مسروقہ سامان کی فروخت سے حاصل ہونے والی رقم 13 ہزار 500 روپے برآمد کرلی گئی۔ تفصیلات کے مطابق وارث خان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے، چوری و قتب (بقیہ نمبر 5 2)

کشور پولیس کی بڑی کارروائی موٹر سائیکل لفٹر کا گروہ گرفتار

ملزمان گرفتار اور 12 مسروقہ موٹر سائیکلیں برآمد، کارروائی شروع

کشور (سید راشد احمد شاہ) کشور پولیس کی بڑی کارروائی موٹر سائیکل لفٹر کا گروہ گرفتار، 3 ملزمان گرفتار اور 12 مسروقہ موٹر سائیکلیں برآمد، کشور پولیس (بقیہ نمبر 5 3)

غم کی اس گھڑی میں متاثرین کو تنہا نہیں چھوڑینگے، چیئرمین سینٹ

پاکستان بالخصوص پنجاب مشکل سیلابی صورتحال سے دوچار ہے، متاثرین کا بھرپور ساتھ دیں گے۔ سید یوسف رضا گیلانی

سرکٹ ہاؤس ملتان میں پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹ کے سینئر عہدیداروں سے ملاقات کے دوران اظہار خیال

ملتان (نمائندہ عوامی للکار) چیئرمین سینٹ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے کہ پاکستان اس وقت مشکل سیلابی صورتحال سے دوچار ہے، غم کی اس گھڑی میں متاثرین کا بھرپور ساتھ دیں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اتوار کو سرکٹ ہاؤس ملتان میں پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹ کے سینئر عہدیداروں سے ملاقات کے دوران کیا۔ جاوید ہاشمی، درگاہ سوہنی پاک شہید سید اویس گیلانی (بقیہ نمبر 3 1)

چیئرمین سینٹ سید یوسف رضا گیلانی پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹس (PFUJ) کے راکین کے ہمراہ سیلاب سے متاثرہ افراد اور اپنے مرحوم کزن سید عوض الحسن گیلانی کے لئے دعا کر رہے ہیں

تحفظ ناموسِ رسالت ﷺ امن ریلی، تاجروں وشہریوں کی شرکت

علماء کرام کا خطاب: 12 ربیع الاوّل شایانِ شان طریقے سے منایا جائے گا

سیاسی نمائندے غیر حاضر، عوام و علماء کی شکوہ کناں آواز نمایاں

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) مرکزی جلوس میلاد مرکز ڈھوک سیداں راولپنڈی کینٹ کے زیر اہتمام تحفظ ناموس رسالت ﷺ آمن ریلی گزشتہ روز نکالی گئی، جس کی قیادت سرپرست اعلیٰ میلاد مرکز راولپنڈی کینٹ و ممبر قومی اسمبلی محمد شکور الحی قادری نے کی۔ ریلی میں تاجروں سمیت مختلف مکاتب فکر کے شہریوں اور علماء کرام نے شرکت کی۔(بقیہ نمبر 4 7)

میلاد مرکز ڈھوک سیداں راولپنڈی کینٹ کے زیر اہتمام تحفظ ناموس رسالت ﷺ آمن ریلی گزشتہ روز نکالی گئی

بنو قابل پروگرام کے تحت گوجر خان میں دو سنٹر قائم کرنے کا اعلان

نوجوانوں کو جدید آئی ٹی ہنر کی مفت تربیت دی جائے گی تاجر برادری اس کار خیر میں تعاون کے لیے اپنا حصہ ڈالے گی شہادت بٹ

سابق صدور احمد نواز کھوکھر خان لیاقت سمیت دیگر نے خطاب کیا عمر اسد اللہ، بابر نجابت جنجوعہ نے ایک ایک لاکھ دینے کا اعلان کیا

گوجر خان (قمر شہزاد) الخدمت فاؤنڈیشن کے زیر انتظام بنو قابل پروگرام کے حوالے سے پٹھوہار قلعہ مارکی گوجر خان میں ایک شاندار تقریب کا انعقاد پذیر ہوئی جسکا میں اساتذہ اکرام، سماجی رہنماؤں، تاجر برادری وکلاء پٹھوہار پریس کلب کے صحافیوں اور دیگر معززین محبت نے حاصل (بقیہ نمبر 5 4) تلاوت قرآن مجید سے ہوا جسکی سعادت حافظ

جماعت اسلامی کے زیر اہتمام متوقع بنو قابل پروگرام کے حوالے سے پٹھوہار قلعہ مارکی میں تقریب

پی ایف یو جے کا دو روزہ اجلاس اختتام پذیر

پیکا ایکٹ میں ترامیم، صحافیوں کی جبری اور غیر قانونی برطرفیوں کا خاتمہ، سیلاب سے متاثرہ صحافیوں کی فوری امداد

صحافی ورکروں کی ماہانہ تنخواہ کی باقاعدگی سے ادائیگی، ویج بورڈ ایوارڈ پر عملدرآمد سمیت ورکنگ جرنلسٹوں کیخلاف فیک مقدمات کے خاتمہ کا مطالبہ

حالیہ سیلاب سے متاثر ہونے والے صحافیوں کے لئے امدادی پیکیج کا اعلان کیا جائے، صدر پی ایف یو جے رانا محمد عظیم

ملتان (پ۔ر) پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹس (پی ایف یو جے) کی فیڈرل ایگزیکٹو کونسل کا ملتان پریس کلب میں منعقدہ دو روزہ اجلاس اختتام پذیر ہو گیا۔ اجلاس کے دوسرے روز اختتام پر اعلامیہ جاری کیا گیا جس میں پیکا ایکٹ میں ترامیم، صحافیوں کی جبری اور غیر قانونی برطرفیوں کا خاتمہ، سیلاب سے متاثرہ صحافیوں کی فوری امداد، صحافی ورکروں کی ماہانہ تنخواہ کی باقاعدگی سے(بقیہ نمبر 3 2)

فلٹریشن پلانٹس کی ضروری مرمت کا کام تیزی سے جاری ہے

چیئرمین سی ڈی اے کی ہدایت پر اسلام آباد کے تمام اوور ہیڈ ٹینکس اور فلٹریشن پلانٹس کی ماہانہ بنیادوں پر صفائی ستھرائی کے کام کا باقاعدہ آغاز

شہریوں کو صاف ستھرا پانی مہیا کرنے کیلئے مختلف مقامات پر تقریباً 100 واٹر فلٹریشن پلانٹس کے تصفیات کے مطابق چیئرمین سی ڈی اے ڈویژنل انفارنٹی (سی ڈی اے)، چیف کمشنر اسلام آباد محمد علی رندھاوا کی ہدایت پر اسلام آباد کے شہریوں کو صاف ستھرا پانی مہیا کرنے کیلئے سی ڈی اے نے اسلام آباد کے مختلف مقامات پر تقریباً 100 واٹر فلٹریشن پلانٹس کی صفائی کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے صاف ستھرا پانی مہیا کرنے کیلئے جدید ٹیکنالوجی کو استعمال کرتے ہوئے ہر فلٹر پلانٹ کی باقاعدگی سے صفائی کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ تفصیلات کے مطابق چیئرمین سی ڈی اے کی ہدایت پر اسلام آباد کے شہریوں کو صاف ستھرا پانی مہیا کرنے کیلئے سی ڈی اے نے اسلام آباد کے مختلف مقامات پر تقریباً 100 واٹر فلٹریشن پلانٹس کی صفائی کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے ان فلٹرز کا باقاعدہ طور پر تبدیل کیے جان

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar Rawalpindi
عوام کی سچی ساتھ للکار
ABC
ایڈیٹر: فیصل رحمان

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر روبینہ فیصل

ٹی ٹی پی کو پاکستان کے حوالے کرنے کا مطالبہ

خیبر پختونخوا کے کے ضلع بنوں کے تھانہ کینٹ کی حدود میں دہشت گردوں کی فائرنگ سے ایلیٹ فورس کا کمانڈر شہید ہوگیا۔ دہشت گردی کی ایک اور واردات گلگت بلتستان میں ہوئی جہاں نامعلوم شرپسندوں نے چلاس ہوڈر کے سامنے گلگت بلتستان۔ سکاؤٹس چیک پوسٹ پر حملہ کیا جس میں دو سکاؤٹس شہید ہوگئے۔ اس واقعہ کے بعد پولیس نے علاقے میں سرچ آپریشن شروع کر دیا تاہم کوئی گرفتاری عمل میں نہیں آسکی۔ دوسری جانب نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ ہم نے افغانستان سے کہا ہے، وہ یا تو ٹی ٹی پی کے خلاف کارروائی کرے یا انہیں ہمارے حوالے کردیں۔ اسحاق ڈار کا کہنا تھا کہ 20 اگست کو کابل میں پاکستان، چین اور افغانستان کا سہ فریقی اجلاس ہوا جس میں افغان قیادت سے چین اور پاکستان نے سکیورٹی سے متعلق اپنے تحفظات کا اظہار کیا۔

اس میں تو کوئی دو رائے نہیں کہ پاکستان کی سلامتی کو نقصان پہنچانے کا بھارت اور افغانستان کا مشترکہ ایجنڈا ہے جس کے تحت بھارت اپنے تربیت یافتہ دہشت گرد افغان بارڈر کی طرف سے پاکستان میں داخل کر رہا ہے جبکہ ان دہشت گردوں کو کابل انتظامیہ کی بھرپور معاونت حاصل ہے اور پاکستان کے اندر پاکستان تحریک طالبان (ٹی ٹی پی) کو بھی ان دونوں ملکوں کی سرپرستی حاصل ہے جنہیں اسلحہ بارود سمیت تمام سہولت کاری دی جا رہی ہے۔ دہشت گردی سے صرف پاکستان کی سلامتی ہی داؤ پر نہیں لگی ہوئی بلکہ خطے کا امن بھی متاثر ہو رہا ہے جس پر چین نے بھی 20 اگست کو کابل میں ہونے والے سہ فریقی اجلاس میں اپنے تحفظات کا اظہار کیا تھا۔ اس وقت ایک طرف پاکستان کو سیلاب کی تباہ کاریوں سے بچنے کا چیلنج درپیش ہے اور دوسری جانب اسے کابل اور بھارت کی ریشہ دوانیوں کا بھی سامنا ہے۔ کابل انتظامیہ سے تو ٹی ٹی پی کیخلاف کارروائی کی توقع رکھنا عبث ہے' کیونکہ پاکستان پہلے بھی کئی بار اس سے پاکستان میں دہشت گردی روکنے اور سرحد پار سے ہونیوالی دراندازی بند کرنے کا مطالبہ کر چکا ہے' لیکن اسکی جانب سے کوئی عملی اقدامات ہوتے نظر نہیں آئے۔ اب چین نے اس دہشت گردی پر اپنے تحفظات کا اظہار کیا ہے تو اسے بھی دہشت گردی کے سدباب کیلئے بھارت اور افغانستان پر دباؤ ڈالنا چاہیے۔ اپنا دفاع کرنا ہمارا حق ہے' اس لئے پاکستان کی سلامتی پر کوئی سمجھوتہ کئے بغیر حکومت کو اذخود پاکستان کے اندر موجود ٹی ٹی پی اور اسکے سہولت کاروں کیخلاف بنیان مرصوص جیسے مؤثر آپریشن کرنے کی ضرورت ہے اور افغانستان کے سرحدی علاقوں میں بھی دہشت گردوں کیخلاف کارروائی کرنی چاہیے جس طرح گزشتہ سال دسمبر میں پاکستان نے فضائی کارروائی کر کے تنگہار اور خوست میں عسکریت پسندوں کے ٹھکانوں کو تباہ کیا تھا۔

"میں عوام سے پوچھتی ہوں"

تحریر: سیدہ زہرت ایوب کاظمی
شہر: اسلام آباد

آج 78 سال ہو چکے ہمیں آزاد اسلامی مملکت میں سانس لیتے ہوئے۔ ہم نے یہ وطن بڑی جدوجہد اور قربانیوں سے حاصل کیا۔

اس وطن کی بنیادوں میں ہمارے بڑوں کا خون جان، مال اور عزت شامل ہے۔

ہم اپنے قائد کی کاوشوں کو، محنتوں کو سدا یاد رکھیں گے کس طرح انہوں نے مسلمانوں کے حقوق کے لیے انگریزوں سے قانونی جنگ لڑی۔ مسلمانوں کو اپنے ساتھ شامل کیا، مسلمانوں کو آزادی کے لئے آواز بلند کرنے کے لئے آمادہ کیا۔ اپنی بات عام لوگوں تک پہنچائی، انہیں سمجھائی۔

برصغیر کے مسلمانوں نے بھی اپنے قائد کو مایوس نہیں کیا، اپنے قائد کی آواز پر لبیک کہا اور اپنی جان، مال کی پرواہ کئے بغیر اپنے قائد کے ساتھ شامل ہو کر آزادی کی جنگ کی طرف قدم بڑھایا۔

بے شک کہ ان کا جذبہ دیدنی تھا مگر ہائے، پاکستان کی کاوش بھی باکمال تھی کہ آپ نے ذاتی مفاد کو ترجیح دینے ہوئے ہمارے کچھ سیاسی لفوں نے قانونی جنگ لڑی بلکہ ہندوؤں کی چالاک اور مکار، عیار چالوں کا بھی کا جواب مقابلہ کیا۔

محترم قاری مسلمانوں کی اور قائد کی کوشش رنگ لائی، مشرقی پاکستان، مغربی پاکستان وجود میں آ گیا، دنیا کا واحد ملک جو اسلام کے نام پر آزاد ہوا۔

اسلام کے ازلی دشمن ہندو یہاں بھی اپنی مکاری سے باز نہیں آیا، جیسے ہی پاکستان آزاد ہوا ہے یہ جیا رقوم پاکستان کے خلاف پروپگنڈے کا آغاز کر دیتی ہے۔

مشرقی پاکستان کا مغربی پاکستان سے جدا ہو جانا ہندوؤں کی عیاری کا منہ بولتا ثبوت ہے۔

مغربی پاکستان ماشاءاللہ جس میں ہم جی رہے ہیں، ہماری پہچان، ہماری آن، ہمارا مان یعنی اسلامی جمہوریہ پاکستان آزاد اسلامی مملکت اس غم کو آج تک بھول نہیں پایا کہ ہندوؤں کی مکار چالوں سے اس کا ایک حصہ جدا ہوگیا۔

جدائی تو ایک طرف مگر دشمن کے ناپاک عزائم یہاں تک کامیاب ہوئے کہ الزام سارے کا سارا ہماری اس وقت کی حکومت، ہمارے اداروں پر آ گیا۔

ذاتی مفاد کو ترجیح دینے ہوئے ہمارے کچھ سیاسی لفوں نے بھی اس بات کو ہوا دی اور انگلی اداروں پر اٹھاتے رہے اس بات کی پرواہ کئے بغیر کہ دشمن کی چالوں کو بے نقاب کرنا ان پر فرض ہے۔

پاکستان کی عوام کو بھی تا حیات اس بات کا شدید دکھ رہا کہ مشرقی پاکستان اس کے وطن کا حصہ نہ رہا۔

اسے میرے محترم قاری محبت دونوں طرف تھی، رہی اور ہے اور ان شاءاللہ تا قیامت رہے گی۔

دونوں طرف کی عوام کے دلوں سے ایک دوسرے کے لیے محبت کو کوئی ختم نہیں کر سکتا۔ بے شک کہ دشمنوں کی چال کچھ وقت تک کے لئے کامیاب رہی مگر عیاری اور مکاری سے کیا گیا پراپیگنڈا زیادہ دیر تک نہیں چلتا آخر کار قدرت منافقت کے چہرے سے نقاب اتار کے ہی رہتی ہے۔

پھر ہر شے روز روشن کی طرح سب پر عیاں ہو جاتی ہے۔

آج پاکستان اور بنگلہ دیش پھر ایک شاہراہ ایک ڈگر پر کھڑے ہیں، ایک دوسرے کے ہاتھ تھامے، بلکہ نہیں میں یوں کہوں گی کہ آج مغربی پاکستان اور مشرقی پاکستان دونوں ایک ساتھ کھڑے ہیں ہاتھوں میں ہاتھ دیئے ایک راہ پر چلنے کے لیے پھر سے محرومین دلوں، نئے جذبے، نئے جنوں کے ساتھ۔۔۔۔۔۔۔

اس سفر میں خدائے بزرگ و برتر کے حضور نہایت عاجزانہ التجا ہے کہ اے پاک پروردگار اب کے جو دونوں طرف کی حکومت نے عوام نے پھر سے کہ ایک دوسرے کا ہاتھ تھامے تو چلنے کا فیصلہ کیا ہے تو دونوں خطوں کے نیچ مکاری کرنے والے، عیاری کرنے والے اپنی عیاری کی آگ میں خود ہی جل کر خاک ہو جائیں۔۔۔۔۔

اور دونوں خطوں کے نیچ امن، بھائی چارہ، اخلاص، خلوص اور سچی نیتی کو قائم فرما تا میں ہے شک میرے محترم قاری بنگلہ دیش اور پاکستان کا ایک ساتھ کھڑا ہونا موجودہ حکومت اور اداروں کی کاوشوں کا نتیجہ ہے۔

موجودہ دور نے اس بات کو ثابت کیا ہے کہ اداروں اور حکومت کی آپس کی بنتی ہم آہنگی کا ہونا بہت ضروری ہے کیونکہ یہی بنتی ہم آہنگی ہی ملک کو بام عروج تک پہنچاتی ہے۔

پاکستانی اعلیٰ فوجی کی قیادت نے آج جس طرح سے پوری دنیا میں پاکستان کا نام روشن کیا ہے نہ صرف پاکستانی عوام کا سر فخر سے بلند ہوا ہے بلکہ پاکستانی عوام نے اپنے محافظوں سے سیکھا کہ کس طرح فتنوں سے بچتے بچاتے، مشکلوں سے نمٹنا چاہا ہے۔

برداشت کے کہتے ہیں۔ صبر کیسے کیا جاتا ہے محترم قاری اب وقت آن پہنچا کہ ہمیں اپنی حکومت اور اداروں کا ساتھ کچھ یوں دینا ہوگا کہ اپنے خصائل پر بھرپور نظر کرنی ہوگی، ہمیں دیکھنا ہوگا کہ حق اور سچ کی راہ کون سی ہے ہمیں دوسروں کی طرف انگلی اٹھانے سے پہلے اپنی ذات کی خامیوں کو ٹٹولنا ہوگا اور انہیں ختم کرنا ہوگا۔ لالچ، حرص سے توبہ کرنی ہوگی۔ اپنے گھروں کی چار دیواری میں ظلم کو ختم کرنا ہوگا ناانصافی کا قلع قمع کرنا ہوگا، گھر کی چار دیواری میں ہمیں اپنی مرغیوں کے رواجوں کو نہیں بلکہ اسلامی رسموں کو نافذ کرنا ہوگا، ہاں ہمیں خود کو بدلنا ہوگا اگر چاہتے ہیں کہ خدائی آفتوں کا زور ٹوٹے، یہ چار سو عذابوں کے سلسلے رک جائیں، شر کے فتنے فناہوں اور اہل حق کے سامنے جھک جائے۔۔۔۔۔

تو ہمیں خود کو بدلنا ہوگا اپنے لئے اپنی پاک سرزمین کے لئے۔

اس سے پہلے کہ دیر ہو جائے، یہ عذابوں کے سلسلے رقبی قطعات کو مٹا دیں، اس سے پہلے کہ امر خیر ہو جائے، ان ہیبت ناک کہساروں کو قدرت فنا دے، اس سے پہلے کہ دیر ہو جائے ہمیں خود کو بدلنا ہوگا، ہمیں خدائی فرمان کے عین مطابق چلنا ہوگا، پیارے آقا محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فرمان میں ڈھلنا ہوگا، اس سے پہلے کے دیر ہو جائے۔۔۔۔۔۔۔

۔۔۔۔۔۔سانسوں کی ڈوری ٹوٹ جائے ،زمین والوں سے قدرت روٹھ جائے ۔۔۔۔۔

اے رب ذوالجلال!

جیسے سورج اور چاند کو روشنی تیری طرف سے ملتی ہے، ویسے ہی ہمارے دلوں کو اپنی ہدایت کی روشنی عطا فرما۔

اے پروردگار! ان اندھیروں کو جو ہماری زندگیوں، ہمارے گھروں، ہمارے ملکوں پر چھا رہے ہیں، اپنی قدرت کے نور سے مٹا دے۔

اے پاک رب! پاکستان اور بنگلہ دیش سمیت پورے عالم اسلام کو باہمی محبت، اخلاص اور امن کے ساتھ ایک راہ پر جمع فرما۔

اے اللہ! دشمن کی مکاریوں اور سازشوں کو انہی پر الٹ دے۔

ہمیں اپنی غلطیوں سے رجوع کی توفیق دے، ہمارے دلوں میں تقویٰ، عدل اور سچائی بسا دے۔

اے کریم اللہ! اس سے پہلے کہ دیر ہو جائے، ہمیں اپنی طرف پلٹ آنے، اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے فرمان کے مطابق ڈھلنے اور اپنی سرزمین کو عدل و انصاف سے بھرنے کی توفیق عطا فرما۔ آمین ثم آمین یارب العالمین

چوآ سیدن شاہ میں امن کی بہار، وزیراعلیٰ پنجاب کا سنہری اقدام

خاور شہزاد
03425888591
قلم کی للکار

چوآ سیدن شاہ، جو کبھی اپنے پہاڑوں، چشموں اور فطری حسن کی وجہ سے پہچانا جاتا تھا، سی سی ڈی کے قیام سے قبل چوریاں ڈکیتیاں اور بعض اوقات قتل و غارت کے واقعات بھی رپورٹ ہوتے تھے دکاندار ہر شام اس خوف کے ساتھ دکان بند کرتے کہ پتہ نہیں صبح تالا سلامت ہوگا یا نہیں۔ کسی کے گلے میں کٹری موٹر سائیکل اگلی ہی رات غائب ہو جاتی، کبھی موٹریں چرائی جاتیں، تو کبھی بجلی کی تاروں اور قیمتی کاپر پر ہاتھ صاف کر لیا جاتا۔ اور کے۔ وہ فدر فورٹ منڈی جانے والے دکانداروں کو گن پوائنٹ پر لوٹ لیا جاتا اور موٹر سوار بھی پہاڑی رستے میں کے۔ وہ فدر ڈاکوں کے ہتھے چڑھ جاتے لوگ کہتے تھے کہ یہاں کا امن ایک کھویا ہوا خواب بن چکا تھا

مگر آج منظر نامہ یکسر بدل چکا ہے۔ کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ (CCD) کے قیام کے بعد چوآ سیدن شاہ کی قسمت بدل دی۔ سی۔ ڈی۔ کے اہلکار ہر گلی کوچے میں اور نہ کوئی موٹر سائیکل چوری ہوا، نہ کسی دکان پر ڈکیتی پڑی، نہ رہزنی کا کوئی واقعہ رپورٹ ہوا۔ یہ تبدیلی محض کسی دعویٰ نہیں بلکہ ایک حقیقت ہے جسے چوآ سیدن شاہ کا بچہ بچہ محسوس کر رہا ہے۔

ہر کسی کے سیاسی اختلافات ہو سکتے مختلف سیاسی وابستگی والے شہری اپنے زاویے سے سوچتے ہونگے لیکن یہ ایک چوآ سیدن شاہ میں ایسی حقیقت ہے جس سے کوہ بھی انکاری نہیں

یہ سب کچھ ممکن ہوا وزیر اعلیٰ پنجاب کے بصیرت افروز فیصلے سے۔ کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ نے منصرف جرائم پیشہ افراد کا کڑا محاصرہ کیا بلکہ عوام کو یہ اعتماد بھی دیا کہ وہ اب محفوظ ہیں۔ آج چوآ سیدن شاہ کے بازاروں میں زندگی کی روانی ہے، گلی کوچوں میں اطمینان ہے، اور گھروں میں سکون ہے۔

سی سی ڈی ٹیم پکوال کے افسران بالا کی کارکردگی لائق تحسین ہے۔ جنہوں نے دن رات محنت کر کے اس علاقے کو خوف کی وادی سے نکال کر امن کا گہوارہ بنایا۔ چوآ سیدن شاہ کے عوام کا دل سے یہ کہنا ہے کہ ہم شکر گزار ہیں کہ ہمیں پھر سے پرامن فضا میسر آئی۔ یہ شکر صرف زبان تک محدود نہیں بلکہ ان کے چہروں پر اعتماد اور آنکھوں میں سکون کی روشنی میں جھلکتا ہے۔

یہی حقیقت ہے کہ سی سی ڈی کی موجودگی نے نہ صرف بڑے جرائم بلکہ چھوٹے موٹے چوروں، لٹیروں اور بدمعاشوں کے دلوں میں بھی خوف پیدا کر دیا ہے۔ خاص طور پر منشیات فروشوں کے لیے یہ ادارہ ایک ڈراؤنا خواب ثابت ہو رہا ہے۔ جو زہر باشت گرنوجوان نسل کو برباد کر رہے تھے، اب وہ جان گئے ہیں کہ چوآ سیدن شاہ کی مٹی ان کے لیے تنگ ہو چکی ہے۔ یہی اصل کامیابی ہے کہ جرم خواہ بڑا ہو یا چھوٹا، چوری ہو یا منشیات فروشی، سی سی ڈی سب پر آہنی ہاتھ ڈال رہا ہے۔

جرائم کی روک تھام کے اس کامیاب ماڈل نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ اگر نیت صاف اور حکمت عملی مضبوط ہو تو یہ سے بڑا مسئلہ بھی حل کیا جا سکتا ہے۔ چوآ سیدن شاہ آج امن کے گہوارے کے طور پر ایک مثال ہے کہ امن محض خواب نہیں بلکہ حقیقت بھی بن سکتا ہے۔

یہ وقت ہے کہ عوام بھی اپنا کردار ادا کریں۔ کیونکہ امن صرف حکومت یا اداروں کی نہیں بلکہ معاشرے کے ہر فرد کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ اگر عوام جرائم کی نشاندہی کریں، اداروں کے ساتھ تعاون کریں اور بیدار رہیں تو یہ روشنی ہمیشہ قائم رہے گی۔

آخر میں، چوآ سیدن شاہ کے عوام کا ایک ہی پیغام ہے:

ہم وزیر اعلیٰ پنجاب کے شکر گزار ہیں کہ انہوں نے ہمارے علاقے کو خوف سے نجات دلا کر امن کی بہار بخشی۔ یہ اقدام واقعی سنہری الفاظ میں لکھے جانے کے لائق ہے۔

چوآ سیدن شاہ کے امن کی یہ کہانی صرف ایک شہر کی کہانی نہیں، بلکہ ایک پورے پنجاب کے پرامن مستقبل کی نوید ہے۔

SHOWBIZ شوبز

یوٹیوبر ڈی بھائی کیخلاف تحقیقات کا دائرہ وسیع

ڈی بھائی کو (آج) یکم ستمبر کو دوبارہ عدالت میں پیش کیا جائے گا

لاہور (این ایچ آئی) این سی سی آئی اے نے یوٹیوبر ڈی بھائی کے خلاف جو اہم بیان پر موشن کے مقدمہ میں تحقیقات کا دائرہ کار وسیع کر دیا۔ ڈی بھائی کی نشاندہی پر این سی سی آئی اے نے جو نئے کی اپ پروموشن حقدمے میں دیگر ملزمان کو بھی گرفت کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ این سی سی آئی اے کا کہنا ہے کہ ڈی بھائی نے دوران تفتیش ایپ کی پروموشن میں ملوث دیگر ملزمان کی نشاندہی کی ہے، ڈی بھائی نے جوئے کی اپ پروموشن کی ٹیم دبئی کے اکاؤنٹس میں منتقل ہونے والی رقم کے بارے میں بھی تفتیش جاری ہے۔ تحقیقاتی ایجنسی کے مطابق ڈی بھائی سے جوئے کی دیگر ایپس کے متعلق بھی تفتیش کی جائے گی، ڈی بھائی جسمانی ریمانڈ پر این سی سی آئی کی تحویل میں ہیں، ڈی بھائی کو (آج) یکم ستمبر کو دوبارہ عدالت میں پیش کیا جائے گا۔

بھارتی اداکار وشال نے ساتھی اداکارہ سائی دھنشیکا سے منگنی رچالی

وشال اداکار کے ساتھ ساتھ پروڈیوسر بھی ہیں، انہوں نے فلمز میں فائٹ کیریئر کا آغاز بطور ڈانسر کیا

سمتی (این ایچ آئی) بھارت کی جنوبی فلم انڈسٹری کے نامور اداکار وشال نے ساتھی اداکارہ سائی دھنشیکا سے منگنی رچالی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق 48 سالہ اداکار نے رواں سال مئی میں سائی دھنشیکا سے تعلق کا اعتراف کیا تھا اور شادی کا اعلان کیا تھا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق وشال نے اپنی 48 ویں سالگرہ پر سائی دھنشیکا سے منگنی کا اعلان کیا اور تصاویر بھی سوشل میڈیا اکاؤنٹ پر شیئر کی ہیں۔ بھارتی میڈیا کے مطابق وشال کی شادی بھی ان کی سالگرہ کے موقع پر ہی ہونا تھی تاہم گھر کے تعمیر مکمل نہ ہونے کے سبب شادی کی تاریخ کو آگے بڑھا دیا گیا۔۔ خیال رہے کہ وشال اداکار کے ساتھ ساتھ پروڈیوسر بھی ہیں، انہوں نے فلمز میں فائٹ کیریئر کا آغاز

"باغی 4" کے ٹریلر کی دھوم، فلم 5 ستمبر کو ریلیز کی جائے گی

سمتی (این ایچ آئی) ہالی ووڈ اداکار ٹائیگر شیروف اور ٹیجے دت کی فلم باغی 4 کا ٹریلر سامان خان کے شوٹ پاس میں جاری کیا گیا جس نے عوام و فینز میں ہلچل مچا دی ہے۔ فلم 5 ستمبر 2025 کو دنیا بھر کے سینما گھروں میں ریلیز کی جا گی۔ اس کاسٹ میں ٹائیگر شیروف، ٹیجے دت، سونم باجوہ، ہرناز سندھو، اپیندر لیمے، اور سوربھ سچدیوا

سمیت دیگر شامل ہیں۔ اداکار ٹائیگر شیروف اور ٹیجے دت نے سال کی سب سے خونی ریلیز کا وعدہ کیا ہے اور وہ ایک سنسنی خیز اور تیز پروموشن کرتے ہوئے اپنے قول پر قائم ہیں۔ وشنت اور 41 سیکنڈ کے ٹریلر کا آغاز ٹیجے دت اور ٹائیگر شیروف کے کرداروں کے تعارف سے ہوتا ہے۔

50 سالہ ملائکہ اروڑا نے فٹ رہنے کے 3 بنیادی اصول بتا دیئے

کسی اداکارہ کو فٹنس کے لئے مثال قرار دیا جاتا ہے تو وہ ملائکہ اروڑا ہیں

سمتی (این ایچ آئی) ہالی ووڈ کی معروف اداکارہ ملائکہ اروڑا نے 50 سال کی عمر میں بھی فٹ (تندرست) رہنے کے تین بنیادی اصول بتا دیے۔ انڈین میڈیا کے مطابق ہالی ووڈ میں اگر کسی اداکارہ کو فٹنس کے لئے مثال قرار دیا جاتا ہے تو وہ ملائکہ اروڑا ہیں۔ انہوں نے یہ بھی ثابت کر دیا ہے کہ اداکارہ سوہا علی خان کے ساتھ پوڈ کاسٹ میں گفتگو کرتے ہوئے 51 سالہ ملائکہ اروڑا نے بتایا کہ وہ کس طرح فٹنس کیلئے غذا، نظم و ضبط اور ورزش کا احترام کرتی ہیں۔ ملائکہ اروڑا کا فٹنس فلسفہ تین بنیادی اصولوں پر مبنی ہے۔

کومل عزیز نے شوبز انڈسٹری چھوڑنے کی وجہ بیان کردی

اپنے کپڑوں کے برانڈ سے منسلک ہوگئی ہوں، میرا واپسی کا کوئی ارادہ نہیں، کومل عزیز

کراچی (این ایچ آئی) معروف اداکارہ کومل عزیز خان نے شوبز انڈسٹری چھوڑنے کی وجہ بیان کردی۔ کومل عزیز خان باصلاحیت پاکستانی اداکارہ اور ایک کامیاب کاروباری شخصیت ہیں۔ وہ سوشل میڈیا پر 1.6 ملین کی فالوورز رکھتی ہیں۔ اداکارہ انڈسٹری چھوڑ کر اپنا کپڑوں کے برانڈ سے منسلک ہوگئیں۔ حال ہی میں کومل عزیز پوڈ کاسٹ میں نظر آئیں جہاں انہوں نے شوبز انڈسٹری چھوڑنے کی وجہ بارے میں کھل کر بات کی۔ شوبز چھوڑنے کی وجہ بتاتے ہوئے کومل عزیز نے کہا کہ جو کچھ تو شوبز کا ماحول ایک دوسرے کے لیے اچھا نہیں ہے کام کے اوقات ٹھیک نہیں ہوتے ہیں۔

ساره علی خان اور آیوشمان کھرانہ کی فلم کے سیٹ پر ہنگامہ آرائی

جھگڑے کے دوران کچھ افراد نوچ بچا کرتے بھی نظر آئے

سمتی (این ایچ آئی) بالی ووڈ فلم پتی پتنی اور وہ 2 کی شوٹنگ کے دوران سیٹ پر ہنگامہ کا واقعہ پیش آیا ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق اس واقع کی ویڈیو سوشل میڈیا پر تیزی سے وائرل ہو رہی ہیں۔ بتایا جا رہا ہے کہ فلم کے عملے اور متعامی افراد کے درمیان تلخ کلامی کے بعد بات ہاتھا پائی تک جا پہنچی اور صورتحال پیچیدہ ہوگئی۔ ویڈیو میں تین افراد کو فلم کے عملے کے ایک رکن کو تھپڑ مارتے اور نکالتے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے۔ جبکہ دوسری ویڈیو میں مزید افراد جھگڑے میں شامل ہوتے دکھائی دے رہے ہیں۔ بھارتی میڈیا کی ایک رپورٹ کے مطابق جس شخص پر تشدد کیا گیا، وہ مکسڈ موٹر کلچر کا ڈائریکٹر ہے تاہم اس کی تصدیق نہیں ہوسکی۔ جھگڑے کے دوران کچھ افراد نوچ بچا کرتے بھی نظر آئے لیکن ماحول مزید کشیدہ ہو گیا اور شوٹنگ کو روکنا پڑ گیا۔ ایک اور ویڈیو میں اداکارہ سارہ علی خان اور آیوشمان کھرانہ کے درمیان کار کے اندر تلخ کلامی دکھائی دیتی ہے جو غالباً فلم کا ایک سین تھا۔

مشہور ہالی ووڈ اداکارہ شوٹنگ کے دوران خطرناک حادثے کا شکار

نیویارک (این ایچ آئی) ہالی ووڈ اسٹار اینا ڈیوئی ملر شوٹنگ کے دوران حادثہ کا شکار ہوگئی۔ اداکارہ اینا ڈیوئی ملر کی شوٹنگ کے دوران سیڑھیوں سے گر کر شدید زخمی ہوگئیں۔ اداکارہ اینی ڈیوئی ملر نیویارک میں اپنی آنے والی فلم ڈیل ڈیوئیز پر اداکو سے سیٹوں کی شوٹنگ کے دوران سیڑھیوں سے گر گئیں۔ اداکارہ کی سیڑھیوں سے گرنے کی تصاویر بھی سوشل میڈیا پر وائرل ہو رہی ہیں تاہم گرنے کے فوری بعد اینا ڈیوئی ملر کو ہسپتال لے جایا گیا جس نے عوام و فینز میں تشویش پیدا کر دی ہے۔ اداکارہ کو بری طرح زخمی ہوئے ہیں اور ان کی حالت کو بہتر بنانے کی کوششیں کی جا رہی ہیں۔ اس تصویر میں اداکارہ کو بری طرح گرے ہوئے ہیں اور ان کے چہرے پر زخم دیکھا جا سکتا ہے تاہم اس تصویر کو نہ دیکھنے کی گزارش کی گئی ہے۔

والد نے والدہ پر زندگی میں بہت ظلم کیا، منور فاروقی کا انکشاف

والدہ نے زہر کھا کر جان دی دے، واقعے کے دوسال بعد والد خود فالج کا شکار ہوئے

سمتی (این ایچ آئی) بھارتی اسٹینڈ اپ کامیڈین اور بگ باس سیزن 17 کے فاتح منور فاروقی نے انکشاف کیا ہے کہ والدہ نے شادی میں 22 سال ظلم سہنے کے بعد زہر کھا کر جان دی۔ 33 سالہ بھارتی کامیڈین نے گزشتہ برس میک اپ آرٹسٹ مہجبین کو ہٹ والا سے شادی کی تھی۔ حالیہ انٹرویو میں منور فاروقی نے اپنے بچپن کے حالات اور والدین کے تعلقات اور والدہ کی موت سے متعلق گفتگو کی۔ کامیڈین نے بتایا کہ والدہ نے 22 سال شادی میں ظلم سہنے کے بعد زہر کھا کر جان دی، یہ واقعہ اس وقت پیش آیا جب میں صرف 13 سال کا تھا۔

SPORTS سپورٹس

ٹینس اسٹار کا بچے کو دیا گیا کیپ چھیننے والا شخص شدید تنقید کی زد میں

ٹینس اسٹار کی جانب سے تھپڑ مارے جانے والا کیپ ایک شخص نے چھین لیا

واشنگٹن (این ایچ آئی) اولیس اوپن ٹینس ٹورنامنٹ میں ٹینس اسٹار کی جانب سے تھپڑ مارے جانے والا کیپ ایک شخص نے چھین لیا، جس کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی۔ نیویارک میں اولیس اوپن ٹینس ٹورنامنٹ کے ایک میچ کے دوران پولینڈ کے ٹینس کھلاڑی کمیل ماجڑاک (Kamil Majchrzak) کی جانب سے ایک تھپڑ مارے جانے والا کیپ ایک شخص نے چھین کر اپنی بیوی کے سپرد کر دیا۔ ویڈیو میں واقعہ اس وقت پیش آیا جب کھلاڑی کمیل ماجڑاک کو اس واقعے کو پرانے سوشل میڈیا پر شیئر کرنے کی اپیل کی۔

ویڈیو میں دیکھا جا سکتا ہے کہ کس طرح شائقین سٹیوں کے سنسنی خیز مقابلے میں لطف اندوز ہو رہے تھے۔ اچانک ایک شخص کو اٹھ کر اپنی جگہ سے تالیاں بجاتے ہوئے دکھایا گیا کھلاڑی نے اپنی کیپ ایک بچے کی طرف بڑھائی لیکن پاس کھڑا ایک شخص فوراً اسے لپک لیا۔ بچے نے غصے میں کہا: "کیپ کیا کر رہے ہیں؟" محروم شخص نظر انداز کرتے ہوئے کیپ تک میں پہنچا گیا اور مزید آگے کے لیے چل آئے بڑھا دی۔ ابتدائی طور پر ماجڑاک کو اس واقعے کا علم نہیں ہوا لیکن اگلے روز انہوں نے سوشل میڈیا پر متاثرہ بچے کو ماجڑاک نے تلاش کی اپیل کی۔

شاداب خان کے ہاں ننھی پری کی آمد، نانا نانی بھی خوشی سے نہال

اللہ اللہ، اللہ نے ہمیں ایک خوبصورت بیٹی کی صورت میں پہلی اولاد سے نوازا ہے، شاداب خان

خوبصورت بیٹی کی صورت میں پہلی اولاد سے نوازا ہے۔ اس نعمت پر اللہ کا شکر گزار ہوں، ہمیں اس نئے سفر کے آغاز میں اپنی دعاؤں میں شامل رکھیں۔ خیال رہے کہ شاداب خان قومی ٹیم کے نائب کپتان ہیں۔ شاداب خان نے پوسٹ میں فرمودہ بیٹی کے ننھے پیروں کی تصویر شیئر کی ہے۔ انہوں نے کیپشن میں لکھا کہ الحمدللہ، اللہ نے ہمیں ایک خوبصورت بیٹی کی صورت میں پہلی اولاد سے نوازا ہے۔ شاداب خان کے باپ بن کے۔ ساتھی سے سفر کے آغاز میں اپنی دعاؤں میں شامل رکھیں۔ خیال رہے کہ شاداب خان قومی ٹیم کے سابق میڈیا کوچ فقیش مشتاق کے داماد ہیں۔ فقیش مشتاق نے بھی ایس پر اپنی نومولود کی گود میں لیے ہوئے تصویر کا خوشی کا اظہار کیا۔

سلمان آغا نے میچ جیتنے کے باوجود ٹیم کی خامی بیان کردی

میچ ضرور جیتے ہیں لیکن آخری پانچ اوورمیں بولنگ مزید بہتر کرنا ہوگی، میچ کے بعد بات چیت

شارجہ (این ایچ آئی) قومی ٹی 20 ٹیم کے کپتان سلمان آغا نے پاک ایسے ای سے میچ جیتنے کے باوجود ٹیم کی خامی بیان کردی۔ شارجہ میں یو ایسے ای سے میچ جیتنے کے بعد سلمان آغا نے کہا کہ میچ ضرور جیتے ہیں لیکن آخری پانچ اوور میں بولنگ مزید بہتر کرنا ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ ہماری مجموعی کارکردگی بہت اچھی رہی، سٹن نے شاندار ٹیلنٹ ہے اور اس نے پھر اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا ہے۔ دوسری جانب یو ایسے ای کے کپتان محمد وسیم کا کہنا ہے کہ ہم نے چہرہ سے میں رنز زیادہ بنوائے، بولرز نے آخری اوورز میں زیادہ رنز دے دیے جسے رنز چیز دیکھ پوہنچا۔ انہوں نے کہا کہ آصف خان نے لاجواب اننگ کھیلی، مڈل آرڈر میں کوئی ساتھ دینا تو کھیلنی ہوگئا تھا۔ شارجہ میں کھیلے گئے میچ میں پاکستان کی جانب سے دیے گئے 208 رنز کے تعاقب یو ایسے ای کی ٹیم 8 وکٹوں کے نقصان پر 176 رنز بنا سکی تھی۔ صائم ایوب کو آل راؤنڈ کارکردگی پر میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔ آصف خان کی 77 رنز کی دھواں دھار اننگز رائیگاں گئی، پاکستان محمد وسیم 33 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے۔

پاکستان نے شارجہ کی تاریخ کا دوسرا بڑا اسکور بنالیا

شارجہ (این ایچ آئی) پاکستان نے شارجہ کرکٹ اسٹیڈیم کی تاریخ میں 20 اوورز میں 215 رنز کی صورت میں 2 وکٹ پر 206 رنز کے تعاقب میں 20 اوورز میں 8 وکٹ پر 176 رنز بنا سکی تھی۔ صائم ایوب کو آل راؤنڈ کارکردگی پر میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔ آصف خان کی 77 رنز کی دھواں دھار اننگز رائیگاں گئی، پاکستان محمد وسیم 33 رنز بنا کر ناٹ آؤٹ رہے۔

ڈپلومیٹک ایف سی اور پاکستان ویٹرز نمائشی فٹ بال میچوں می

بقیہ 1

کیا گیا اور جب داماں رم ہو گیا تو اسنسٹ کنسٹرلر انعم خان اوڈ سے مدد نہ لی جا سکی ہے اور ان کے سر پر خون بہہ رہا تھا۔ کن سے اسد نے ذرہ ذرہ طور پر رسکیو اور ڈیڈ لیفٹ کی چوکی کو اطلاع دی اور رسکیو کو طلب کیا گیا جہاں پر کن سے ذرہ ذرہ کیم کا ریسکیو اور موقع سے ٹیم شاہد فرحان عمران خان کی مدد سے ذرہ ذرہ کنسٹرلر کی مدد سے کن کو ریسکیو کیا گیا اور ان کو ریسکیو کیا گیا اور ان کو ریسکیو کیا گیا اور ان

اسسٹنٹ کمشنر پتوکی کی ریسٹ ہاؤس کے واش روم سے لاش برآمد

فرقان محمد خان مرگی کے دورے پڑنے کی میڈیسن بھی استعمال کرتے تھے، فرانزک ٹیم نے شواہد اکٹھے کر لئے

ابتدائی تفتیش کے مطابق واش روم میں گرنے سے سر پر شدید چوٹ آئی جس سے ان کی موت واقع ہوئی

پھلور (این این آئی) اسسٹنٹ کمشنر پتوکی فرقان محمد خان کی ریسٹ ہاؤس سے لاش برآمد ہوئی ہے، اسسٹنٹ کمشنر واش روم میں مردہ حالت میں پائے گئے جن کے سر پر شدید چوٹ لگی۔ بتایا گیا ہے کہ اسسٹنٹ کمشنر پتوکی فرقان محمد خان کو ریسٹ ہاؤس میں مردہ حالت میں پائے گئے جن کے سر پر شدید چوٹ لگنے کے بعد زخم آئے تھے۔ فرانزک ٹیم نے شواہد اکٹھے کر لئے ہیں۔ ریسکیو 1122 کے ترجمان کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر پتوکی فرقان محمد خان کی ریسٹ ہاؤس سے لاش برآمد ہوئی ہے، اسسٹنٹ کمشنر واش روم میں مردہ حالت میں پائے گئے جن کے سر پر شدید چوٹ لگنے کے بعد زخم آئے تھے۔ کرشنرات اور ریسٹ ہاؤس جا کر کسوٹکے اور جج ویگ نے ملنے والے نوان کے کمن بھی کانسٹیبل اسد نے بیڈ روم میں دیکھا تو وہ موجود تھے، انہیں باہر بھی خالی (بقیہ نمبر 1)

8 سالہ بچی سے گاڑی میں زیادتی کا واقعہ کا نوٹس

پنجاب ویمن پروٹیکشن اتھارٹی اس کیس کی مکمل نگرانی کرے گی، حتا پرویز بٹ

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر چیئرپرسن ویمن پروٹیکشن اتھارٹی حتا پرویز بٹ نے غالب مارکیٹ میں 8 سالہ بچی سے گاڑی میں زیادتی کا واقعہ کا نوٹس لے لیا۔ حتا پرویز بٹ نے ڈی آئی جی آپریشنز لاہور سے فوری رپورٹ طلب کر لی۔ حتا پرویز بٹ نے کہا کہ خواتین اور بچیوں کا احتساب کرنے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں، پنجاب (بقیہ نمبر 2)

لاہور: انارکلی چوک کے قریب، کاندار نالیوں کے مناکر بارش سے بچانے کے لئے پلاسٹک ڈال رہا ہے

وزیر اعظم پاکستان اور ترکیہ کے صدر کے درمیان ملاقات

مشکل کی گھڑی میں پاکستان کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہیں، صدر ترکیہ

تیانجن (این این آئی) وزیر اعظم پاکستان محمد شہباز شریف نے تیانجن کے شہر تیانجن میں ایس سی او کونسل آف ہیڈز آف اسٹیٹ کے موقع پر جمہوریہ ترکیہ کے صدر رجب طیب ایردوان سے

دوطرفہ ملاقات کی۔ دونوں رہنماؤں نے پاک ترک تعلقات کی موجودہ صورتحال کا جائزہ لیا اور دوطرفہ تعلقات میں پیشتی ہوئی رفتار پر اطمینان کا اظہار (بقیہ نمبر 4)

ہیلتھ الاؤنس کی بحالی کا وعدہ، ہڑتال مؤخر کرنے کا اعلان

طارق فضل چودھری کی درخواست پر ہڑتال کی کال واپس لے رہے ہیں، ہیلتھ الائنس

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چودھری کی ہیلتھ الاؤنس بحالی کی یقین دہانی پر فیڈرل ہیلتھ الائنس نے ہڑتال مؤخر کر دی۔ وفاقی ایپٹاوں کی نمائندہ تنظیم فیڈرل ہیلتھ الائنس کی کمیٹی کا اجلاس ہوا۔ ہیلتھ الاؤنس کی سمری مسترد ہونے اور وزارت صحت کے رویے پر غور کیا گیا۔ وفاقی وزیر (بقیہ نمبر 5)

صفدر، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سیلاب زدہ علاقے میں متنی پر آنے آنے والے متاثرہ خاندان کا تحریم مقدم کر رہی ہیں

والدین بچوں کو حفاظتی ٹیکے اور قطرے ضرور پلوائیں

یکم ستمبر سے شروع ہونے والی انسداد پولیو مہم کے لیے والدین کی معاونت بہت ضروری ہے، سید مصطفیٰ کمال

والدین حکومت کیساتھ ملائیں، ایک ہفتہ کی طویل انسداد پولیو مہم کے دوران اپنے بچوں کو پولیو کے قطرے ضرور پلائیں، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے نیشنل ہیلتھ سروسز، ریگولیشنز اینڈ کوآرڈینشن سید مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ پانچ سال سے کم عمر کے ہر بچے کو حفاظتی ٹیکے لگوانے اور عمر بھر کی مفت دوائی سے محفوظ رکھنے کو یقینی بنانے کے لیے والدین کی مدد بہت ضروری ہے۔ اپنے بیان میں وفاقی وزیر نے والدین کو ہدایت کی کہ وہ حکومت کے ساتھ ہاتھ ملائیں اور یکم ستمبر سے شروع ہونے والی ایک ہفتہ (بقیہ نمبر 6)

قدرتی آفات سے گلگت بلتستان کی سیاحت میں 90 فیصد کمی

گزشتہ سال 10 لاکھ پاکستانیوں نے گلگت کا رخ کیا تھا، میڈیا رپورٹ

گلگت (این این آئی) غیر معمولی ماحولیاتی آفات اور دیگر عوامل کے باعث اس سال گلگت بلتستان (جی بی) میں جنگل اور جنگلی ساحوں کی آمد میں شدید کمی واقع ہوئی ہے جس سے مقامی معیشت پر بڑی طرح متاثر ہوئی ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ماحولیاتی تبدیلیوں، قدرتی آفات اور دیگر مسائل کی وجہ سے خطے میں سیاحت میں 90 فیصد کی آئی ہے۔ جی بی ٹورازم ڈپارٹمنٹ کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر ساجد حسین (بقیہ نمبر 7)

سندھ میں سپر فلڈ کا خطرہ، محکمہ آبپاشی کو الرٹ رہنے کی ہدایت

9 لاکھ کیوسک کا ریلا بھی آیا تو کچھ پورا ڈوب جائے گا، وزیر اعلیٰ سندھ

کراچی (این این آئی) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے محکمہ آبپاشی کو سپر فلڈ کی تیاری کے لیے ہدایت جاری کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ 9 لاکھ کیوسک کا ریلا بھی آیا تو کچھ پورا ڈوب جائے گا، کوشش ہوگی کہ کہیں بھی بند نہ ٹوٹے اور لوگوں کی جان و مال کا تحفظ پہلی ترجیح ہے۔ وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے محکمہ آبپاشی کو سپر فلڈ کی تیاری کے لیے ہدایت جاری کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ 9 لاکھ کیوسک کا ریلا بھی آیا تو کچھ پورا ڈوب جائے گا، کوشش ہوگی کہ کہیں بھی بند نہ ٹوٹے اور لوگوں

بھارت نے بغیر اطلاع کے پانی چھوڑ کر آبی جارحیت کی

پانی پلی ٹی آئی 9 مئی پر معافی کا اظہار کریں تو بات آگے چل سکتی ہے، رانا تنویر

شرجیل تنویف امریکہ (این این آئی) وفاقی وزیر ڈیسپوریز اینڈ ریسرچ رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ 9 مئی کا واقعہ ناقابل قبول ہے یہ بغاوت تھی، پانی پلی ٹی آئی 9 مئی پر عدالت، شرمندگی معافی اور معافی کا اظہار کریں تو بات آگے چل سکتی ہے۔ سیلاب زدہ علاقوں کے دورہ کے بعد گفتگو کرتے ہوئے رانا تنویر حسین نے کہا کہ پانی پلی ٹی آئی کے دور میں (بقیہ نمبر 9)

پنجاب میں بارشیں، سیلاب متاثرین کی مشکلات میں اضافہ

چنیوٹ، وزیر آباد، گجرات، بٹالہ صاحب اور نارووال میں بارشوں کے بعد نشیبی علاقوں کی خراب صورت حال مزید خراب ہوگئی

لاہور (این این آئی) پنجاب کے مختلف شہروں میں کئی گھنٹوں سے جاری موسلا دھار بارش نے سیلاب میں ڈوبے متاثرین کی مشکلات میں اضافہ کر دیا، متعدد علاقے بجلی سے محروم ہو گئے، شاہدرہ سمیت مختلف علاقوں میں موسلا دھار بارش ہوئی ہے، شہر میں سے دریائے راوی کے سیلابی پانی کے بعد اب شدید بارش نے سڑکوں پر پانی کی سطح میں مزید اضافہ کر دیا۔ (بقیہ نمبر 1)

لاہور: انتظامیہ کی جانب سے دریائے راوی کے کنارے کرائی گئی قانونی تنبیہات کا ملبہ پڑا ہوا ہے

راولپنڈی: اینٹی کرپشن کی بڑی کارروائی، سینئر ہیلتھ انسپکٹر عمران اصغر تحویل میں

راولپنڈی میں کرپشن اسکینڈل، اینٹی کرپشن کی بڑی کارروائی

سینئر ہیلتھ انسپکٹر عمران اصغر کے خلاف رشوت کی ایف آئی آر درج

گزشتہ برس بھی معطلی کا سامنا کر چکے، اب نئے سنگین الزامات بے نقاب

راولپنڈی (عمیرالرحمان سے) اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ نے سینئر ہیلتھ انسپکٹر عمران اصغر کے خلاف ایک اور سنگین مقدمہ درج کر لیا ہے۔ ایف آئی آر کے مطابق ملزم پر شہریوں سے رشوت لینے اور سرکاری اختیارات کا ناجائز استعمال کرنے کے (بقیہ نمبر 3)

کندھ کوٹ، اسکارپ ٹیوب ویل کی بندش سے شہر ڈوبنے کا خطرہ

اطلاعات کے مطابق تین میں سے ایک ٹیوب ویل مکمل طور پر ختم ہو چکا ہے

شکور (سید رشید احمد شاہ) کندھ کوٹ: پانی ٹالنے کے لیے لگائے گئے، گی ماہ سے بند پڑے ہیں۔ اطلاعات کے مطابق تین میں سے ایک ٹیوب ویل مکمل طور پر ختم ہو چکا ہے جبکہ دو موجود ہونے کے باوجود بغیر فعال ہو چکے ہیں شہر سندھ ڈھورڈ اور اس کے مضافات علاقوں کا پانی کی میٹھا، سن (بقیہ نمبر 4)

کندھ کوٹ پولیس کی بڑی کارروائی، بائیک لفٹر گروہ گرفتار

12 مسروقہ موٹر سائیکلیں برآمد، شہریوں کا خراج تحسین

کندھ کوٹ رپورٹ (علی نواز جتوئی) کندھ کوٹ پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف ایک اور بڑی کارروائی کرتے ہوئے بائیک لفٹر گروہ کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کی جانب سے اس کارروائی کو اہم کامیابی قرار دیا جا رہا ہے کیونکہ شہر اور

بائیک لفٹر گینگ کندھ کوٹ پولیس کی حراست میں

لہاسہ ایکسپو، پاکستانی دستکاریاں صارفین کی توجہ کا مرکز بن گئیں

لہاسہ (این این آئی) تین کے جنوب مغربی شہر کلاں علاقے فمی زاگ (تبت) کے دارالحکومت لاسا میں شروع ہونے والی تین الاقوامی تجارتی نمائش میں پاکستانی ہنرمندی اور روایتی مصنوعات نے شرکاء کی توجہ حاصل کر لی۔ گوادر پر مشتمل آرکیڈ، ویں اور فی زاگ میں تین الاقوامی تجارتی نمائش میں شرکت کرنے والے پاکستانی تاجروں نے تین کے مختلف شہروں میں منعقد تجارتی میلوں میں شرکت کے ذریعے (بقیہ نمبر 3)

سیکٹر ایف 8 فور کے گھر میں گھسنے والے جنگلی بندر کو پکڑ لیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کے سیکٹر ایف 8 فور کے گھر میں گھسنے والے جنگلی بندر کو وائلڈ لائف حکام نے پنجرا لیا۔ مکینوں نے بندر کو دیکھتے ہی دروازے بند کر دیے تھے اور محکمہ وائلڈ لائف کو اطلاع دی تھی۔ محکمہ وائلڈ لائف کے حکام کے مطابق بندر کو دوبارہ جنگل میں چھوڑ دیا جائے گا۔ گھر میں بندر کی شرارتوں کی ویڈیو بھی سامنے آئی ہے۔

راول ڈیم کے اہمل ویز کھول دیے گئے

اسلام آباد (این این آئی) راول ڈیم کے اہمل ویز کھول دیے گئے، ڈیم کا لیول 1751.20 فٹ پر پہنچ چکا تھا۔ حکام کے مطابق تمام متعلقہ اداروں کو صورتحال سے آگاہ کر دیا گیا تھا۔ حکام نے کہا کہ کورنگ نالہ میں پانی کے بہاؤ میں اضافہ ہو سکتا ہے، کورنگ نالہ سے رہائشی آبادیوں کے مکین محتاط رہیں۔

سیلاب سے متاثرہ علاقوں کے صارفین کیلئے مفت کالنگ سہولت میں توسیع

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) نے بتایا کہ پنجاب میں سیلاب متاثرین کے لیے مفت واٹس منتھلی سہولت میں توسیع کر دی گئی ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی نے کہا کہ موبائل آپریٹرز کے تعاون سے سیلاب زدگان کے لیے خصوصی ریلیف اقدامات کو یقینی بنایا گیا ہے، جس کے تحت متاثرہ اضلاع میں صارفین کو مفت کالنگ کی سہولت دستیاب ہوئی۔ پی ٹی اے کے مطابق صارفین اکاؤنٹ بیلنس مکمل ہونے کے باوجود کال کر سکیں گے۔ جاری بیان میں کہا گیا کہ اس سہولت سے سیلاب سے متاثرہ عام آبادی خدمات ادا (بقیہ نمبر 10)

بھارت نے بین الاقوامی معاہدے کی خلاف ورزی کی

بھارت ازل سے ہی پاکستان کا دشمن ہے، چودھری برجیس طاہر

نگہانہ صاحب (این این آئی) سابق وفاقی وزیر امور کشمیر گلگت بلتستان چودھری محمد برجیس طاہر نے کہا ہے کہ بھارت ازل سے ہی پاکستان کا دشمن ہے، بھارت دانستہ طور پر بارش کے دنوں میں زیادہ پانی چھوڑ کر پاکستان کے نشیبی علاقوں میں سیلابی خطرہ پیدا کرتا ہے، یوں زرعی زمینوں کو نقصان پہنچتا ہے اور پاکستان کو مالی و جانی نقصان برداشت کرنا پڑتا ہے، میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے مزید کہا کہ بھارت دریائے راوی میں پانی اس لیے چھوڑتا ہے کہ معاہدے کے مطابق وہ تمام پانی روکنے کے قابل نہیں، ڈیموں میں اضافی پانی سنبھالنے (بقیہ نمبر 8)

سیلاب متاثرین میں جلدی امراض اور بیماریاں پھیلنے لگیں

مائیں بچتی ہیں خالی فیڈر میں پانی ڈال کر بچوں کو پلا رہے ہیں، جس سے اٹھیاں اگل گئیں

اسلام آباد (این این آئی) پنجاب کے سیلاب متاثرین آسان تک سیلاب متاثرین کے پرچنڈ علاقوں میں اضافہ ہو گیا جہاں بچوں میں خارش اور دیگر امراض پھیل رہے ہیں۔ بچوں کے کے دودھ بھی دستیاب نہیں، مائیں کچتی ہیں خالی فیڈر میں پانی ڈال کر بچوں (بقیہ نمبر 9)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

صوبے کا سربراہ مخلص ہو تو اپنے عوام کو مشکل وقت میں اکیلا نہیں چھوڑتا

سی ایم پنجاب متاثرین سیلاب سے مل کر انکی دھاڑس باندھ رہی ہیں، بہترین سہولیات فراہمی کا اعادہ کیا ہے، شوکت عزیز بھٹی

متاثرین کی مالی معاونت کے لیے نقصان کا تخمینہ لگایا جا رہا ہے محدود وسائل کے باوجود احسن طریقے پنچ کیا جا رہا ہے، ثاقب بیگ

گوجرخان (رفتہ نمائندہ) مسلم لیگ ن کے ایم پی اے راجہ شوکت عزیز بھٹی، ایڈوکیٹ ثاقب بیگ مسلم لیگ ن کے رہنما خواجہ اعجاز نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ کوائیٹ پنچ اور حالیہ شدید بارشوں کی وجہ سے ملک کے دیگر حصوں کی طرح صوبہ پنجاب میں شدید سیلابی صورتحال کا سامنا ہے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز بذات خود سیلاب سے متاثرہ علاقوں کے دورے کر رہی ہیں اور اس (بقیہ نمبر 2)

مسلم لیگ ن کے ایم پی اے راجہ شوکت عزیز بھٹی، ایڈوکیٹ ثاقب بیگ اور مسلم لیگ ن کے رہنما خواجہ اعجاز نے میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

پاکستان سمیت دنیا بھر میں صاف ہوا کا عالمی دن 7 ستمبر کو منایا جائے گا

مکوآنہ (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں نیلے آسمان کیلئے صاف ہوا کا عالمی دن 7 ستمبر کو منایا جائے گا۔ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے 1974 میں 219 ویں اجلاس کے موقع پر یہ دن منانے کا فیصلہ کیا تھا اس دن کے منانے کا مقصد ہوا اور ماحولیات کو بہتر بنانے کیلئے اقدامات کے حوالے سے آگاہی فراہم کرنا ہے۔ اس دن کی مناسبت سے سرکاری، غیر سرکاری اور نجی اداروں کے زیر اہتمام مختلف تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا تاکہ عام آدمی کو صاف شفاف ماحول کی اہمیت کے حوالے سے آگاہی فراہم کی جا سکے۔

بارش کے باعث گھر کی چھت گر گئی، خاتون 2 بیٹیوں سمیت جاں بحق

واہ (این این آئی) جنوبی وزیرستان میں بارش کے باعث گھر کی چھت گر گئی جس کے نتیجے میں ایک خاتون دو بیٹیوں سمیت جاں بحق ہوگئی۔ رپورٹ کے مطابق جنوبی وزیرستان اپر کی پاکستان تحریک انصاف کی مقامی قیادت، کھیلدا رلاروند کے علاقہ اتھین مرکز شیخ ابادی میں مکان کی چھت گر گئی جس کے ملبے تلے خاتون دو بیٹیوں سمیت جاں بحق ہوگئی۔

موسم گرما کی تعطیلات کے بعد سکولز (آج) کھلیں گے

سیلاب سے متاثرہ علاقوں، ریلیف کیمپوں والے سکولز فی الحال بند رہیں گے

لاہور (این این آئی) موسم گرما کی تعطیلات کے بعد تعلیمی ادارے آج (پیر) یکم ستمبر کو کھلیں گے البتہ سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں قائم سکول بند رہیں گے۔ ریلیف کیمپوں والے سکولز بھی فی الحال بند رکھے جائیں گے۔ مراسلے میں کہا گیا ہے کہ والدین اور طلبہ سکول انتظامیہ سے رابطے میں رہیں، تمام سکولز کو محکمہ تعلیم کی جانب سے فراہم کردہ (بقیہ نمبر 2)

میرا شہر پی ٹی آئی، ٹھیکیدار اور بیوروکریٹس نے ملکر تباہ کیا

میں قیرتک ان کا پیچھا کروں گا زلیخا کے پی جو اس منصوبے کے ٹھیکیدار ہیں، خواجہ آصف

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ میرا شہر (سیالکوٹ) پاکستان تحریک انصاف کی مقامی قیادت، ٹھیکیدار زلیخا کے پی اور چند بیوروکریٹس نے مل کر تباہ کر دیا، میں قیرتک ان کا پیچھا چھوڑوں گا۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر ایک ویڈیو شیئر کرتے ہوئے اپنی پوسٹ میں خواجہ آصف نے کہا کہ اس وڈیو کے ساتھ آواز اپی ٹی آئی کے لیڈر عمر فاروق مائر کی ہے، اور یہ (بقیہ نمبر 2)

اربوں روپے کی درآمدی گندم خراب، فروخت نہ ہونے کا انکشاف

74 ارب 47 کروڑ روپے مالیت کی درآمدی گندم شکی، سسری، کھپرا گندم پاؤڈر کے باعث استعمال کے قابل نہیں رہی

رپورٹ میں مزید بتایا گیا کہ پاسکو 74 ارب 47 کروڑ روپے کی 6 لاکھ 77 ہزار ٹن درآمدی گندم فروخت نہ کر سکا

علاقوں کے دورے کے دوران اسسٹنٹ کمشنر دادو احکام کی کچے میں اترنے والی گاڑی کو ٹریکٹر کی مدد سے باہر نکالا جا رہا ہے

لاہور (این این آئی) آڈیٹر جنرل آف پاکستان کی آڈٹ رپورٹ میں پاسکو کی ناکامی کی نشاندہی کی گئی جس میں کہا گیا ہے کہ پاسکو 74 ارب 47 کروڑ کی درآمدی گندم کی فروخت میں ناکام رہا۔ نجی ٹی وی کے مطابق آڈیٹر جنرل کی آڈٹ رپورٹ 25-2024 میں نشاندہی کی گئی ہے کہ اربوں روپے کی درآمدی گندم خراب ہونے کے باعث فروخت نہیں ہوئی۔ آڈیٹر جنرل کی رپورٹ میں پاسکو کی ناکامی کی نشاندہی کرتے ہوئے بتایا گیا کہ پاسکو 74 ارب 47 کروڑ (بقیہ نمبر 3)

ڈی جی پی ڈی ایم اے کی اسکواڈ کی گاڑی کو حادثہ، پولیس اہلکار جاں بحق

جعفر آباد دادو (این این آئی) جعفر آباد میں ڈی جی پی ڈی ایم اے بلوچستان جہانزیب خان کی اسکواڈ کی گاڑی حادثے کا شکار ہوگئی۔ پولیس حکام کے مطابق حادثے میں ایک پولیس اہلکار جاں بحق، 2 کانسٹیبل زخمی ہوگئے۔ ڈی جی پی ڈی ایم اے کی اسکواڈ کی گاڑی کو حادثہ بائی پاس مل کے مقام پر پیش آیا۔ ڈی جی پی ڈی ایم اے بلوچستان جہانزیب خان جہانزیب خان سیلابی صورتحال کا جائزہ لینے ڈیرہ اللہ یار آئے تھے۔ حادثہ کیسے پیش آیا، (بقیہ نمبر 2)

کراچی، بچوں کی لڑائی میں بڑے کود پڑے، 5 افراد زخمی

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے غریب آباد میں بچے کی چھوٹی سی لڑائی میں بڑے کود پڑے، جھگڑے میں 2 خواتین سمیت 5 افراد زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق جھگڑے کے دوران 5 مسلح افراد نے چھریوں سے آگ لگادی جس سے 4 جھگیاں مل گئیں، اطلاع پر فائر بریگیڈ نے موقع پہنچ کر آگ پر قابو پالیا۔ پولیس نے تحقیق کا عمل شروع کر دیا۔

حضرو کے باوقار صحافیوں کا گروپ فوٹو

کانسٹیبل محمد تحسین فرائض کی انجام دہی کے دوران شہید

پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں نماز جنازہ ادا کر دی گئی، سینئر افسران کی شرکت

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس کے کانسٹیبل محمد تحسین فرائض کی انجام دہی کے دوران شہید ہو گئے۔ شہید کی نماز جنازہ پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں ادا کر دی گئی، نماز جنازہ میں ڈی آئی جی ہیڈ کوارٹرز اور ایس ایس پی آپریشنز سمیت پولیس (بقیہ نمبر 8)

حضرو کا مرہ کے باوقار صحافیوں کا ہنگامی اجلاس

صدارت ملک یاسر نے کی، ہر ظلم کے سامنے ڈٹ کر کھڑے ہونے کا عہد

حضرو (ملک یاسر سے) ہر پریس کلب اہل الحاج طارق علی خان، چیئرمین ملک یاسر نے اجلاس کی صدارت کی اور اس موقع پر ایم ڈبلیو یو کے نمبر وار، علی خان، حافظ میر، اسماعیل خان، سجاد حسین، محمد احسان قریشی، شکیل خان، مزخار، اقبال شاہ نے شرکت کی، محافظ میر نے خلاصہ اجلاس کا اعلان کیا کہ گزشتہ رات سینئر صحافی احمد یک سمیت علاقہ مچھیہ کے تین نوجوان کو سٹریٹ مینشن عوامی ایکشن کمیٹی (بقیہ نمبر 5)

سیلاب کے باعث سپلائی چین متاثر، مہنگائی کے خدشات بڑھ گئے

ریلوے سٹیج، راوی اور چناب جیسے سیلاب سے متاثرہ علاقوں سے گزرنے والی کھاد کی ترسیل تقریباً معطل ہوگئی

حالیہ سیلاب خیبر پختونخوا اور پنجاب میں زرعی پیداوار اور سپلائی چین کے لیے خطرہ ہوں، محمد شہروز کی بات چیت

تیز رفتار کار سڑک کنارے کھڑی پولیس وین سے ٹکرا گئی

ایک اہلکار شہید، ایک زخمی، کار ڈرائیور موقع سے فرار ہونے میں کامیاب

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی میں جی ٹی روڈ پر رواں دواں چوک اسلام آباد کے قریب ٹریفک حادثہ پیش آیا ہے جس کے نتیجے میں ایک پولیس اہلکار شہید اور ایک زخمی ہو گیا۔ پولیس کے مطابق قائد محک کی ٹیم نائٹ پیٹرولنگ پر تھی جبکہ ساجد نامی اہلکار شہید ہو گئی جبکہ ساجد کی ٹیم نائٹ پیٹرولنگ پر تھی۔ اسپیچ چیکنگ کے لیے رواں دواں چوک کے قریب موجود تھی کہ اچانک ایک تیز رفتار کار سڑک کنارے کھڑی پولیس موبائل سے جا ٹکرائی، گھر کی تو پولیس موبائل اور کار دونوں کو شدید نقصان پہنچا، حادثے کے نتیجے میں موبائل وین میں سوار پولیس اہلکار ڈرائیور سمیت موقع پر شہید ہو گئے جبکہ ساجد نامی اہلکار شدید زخمی ہوا جنہیں اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ حادثے کے بعد کار ڈرائیور موقع سے فرار (بقیہ نمبر 2)

بھارت نے بین الاقوامی معاہدے کی خلاف ورزی کی

بھارت ازل سے ہی پاکستان کا دشمن ہے، چودھری برجیس طاہر

نگہانہ صاحب (این این آئی) سابق وفاقی وزیر امور کشمیر گلگت بلتستان چودھری محمد برجیس طاہر نے کہا ہے کہ بھارت ازل سے ہی پاکستان کا دشمن ہے، بھارت دانستہ طور پر بارش کے دنوں میں زیادہ پانی چھوڑ کر پاکستان کے نشیبی علاقوں میں سیلابی خطرہ پیدا کرتا ہے، یوں زرعی زمینوں کو نقصان پہنچتا ہے اور پاکستان کو مالی و جانی نقصان برداشت کرنا پڑتا ہے، میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے مزید کہا کہ بھارت دریائے راوی میں پانی اس لیے چھوڑتا ہے کہ معاہدے کے مطابق وہ تمام پانی روکنے کے قابل نہیں، ڈیموں میں اضافی پانی سنبھالنے (بقیہ نمبر 8)

سیلاب متاثرین میں جلدی امراض اور بیماریاں پھیلنے لگیں

مائیں بچتی ہیں خالی فیڈر میں پانی ڈال کر بچوں کو پلا رہے ہیں، جس سے اٹھیاں اگل گئیں

اسلام آباد (این این آئی) پنجاب کے سیلاب متاثرین آسان تک سیلاب متاثرین کے پرچنڈ علاقوں میں اضافہ ہو گیا جہاں بچوں میں خارش اور دیگر امراض پھیل رہے ہیں۔ بچوں کے کے دودھ بھی دستیاب نہیں، مائیں کچتی ہیں خالی فیڈر میں پانی ڈال کر بچوں (بقیہ نمبر 9)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر
صرف 5000/- روپے میں
اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں۔
وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ
Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup
News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website
سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے
ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا
یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے
Call / Whatsapp 0309-7900035
E-Commerce Website Price: 6000/-

خیبر پختونخوا میں پرائمری تا ڈبل سمسٹر سسٹم لانے کا فیصلہ

پشاور روانہ (این این آئی) خیبر پختونخوا کے تعلیمی نظام میں اصلاحات کرتے ہوئے سمر اور وینٹر زونز میں تعلیمی سال کو سپرنگ اور فال سمسٹر میں تقسیم کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ یہ تعلیمی کیلنڈر کے مطابق ابتدائی طور پر اس سسٹم کا اطلاق نرسری سے جماعت ششم تک کی کلاسز پر ہوگا، جس کے تحت سردیوں کی تعلیمی سال کا آغاز یکم ستمبر سے ہوگا۔ ذرائع کے مطابق سمر زون میں فال سمسٹر یکم ستمبر سے 31 دسمبر جبکہ سپرنگ سمسٹر 16 جنوری سے 31 مئی (بقیہ نمبر 2)